# سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# اذان و اقامت کا

## جواب دینے کے متعلق احکام

**16 جنوری، 2025**



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ، کُل دورانیہ: 15 منٹ۔

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں اذان و اقامت کا جواب دینے کے متعلق احکام سکھائے جائیں گے اور دودھ پینے کے بعد کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ دعا یاد کروانے کے بعد نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: جس نے مجھ پر صبح و شام 10، 10 بار دُرُودِ پاک پڑھا، اُسے قیامت کے دن میری شَفاعَت ملے گی۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## اذان و اقامت کا جواب دینے کے متعلق احکام

### آیت مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

وَ اِذَا نَادَیْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًاؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْقِلُوْنَ۝۵۸

(پارہ: 6، المائدہ: 58)

تَرجَمۂ کنزُالعِرفان: اور جب تم نماز کے لئے اذان دیتے ہو تو یہ اس کو ہنسی مذاق اور کھیل بنالیتے ہیں۔ یہ اس لئے ہے کہ وہ بالکل بے عقل لوگ ہیں۔

جب اذان ہوتی تو بعض غیر مُسلِم اس کا مذاق اُڑاتے اور ہنستے تھے، اس پر یہ آیت نازِل ہوئی اور فرمایا گیا کہ یہ مذاق اُڑانے والے بے عقل اور احمق ہیں۔[2]

---

1 ... مجمع الزوائد، کتاب الاذکار، باب مایقول اذا اصبح واذا امسی، جلد: 10، صفحہ: 120، حدیث: 17022۔

2 ... تفسیر صراط الجنان، پارہ: 6، سورۃ المائدہ، تحت الآیت: 58، جلد: 2، صفحہ: 456، بتغیر قلیل۔

## اذان کا مذاق اُڑانا کفر ہے

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہمارے ہاں بھی بعض نادان ایسی غلطی کرتے ہیں، جب اذان ہو رہی ہو تو اس کی نقل اُتار کر مذاق بناتے ہیں۔ یاد رکھئے! اَذان کا مذاق اُڑانا کفر ہے۔[1]

## فرامینِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

جب اذان ہو تو اسے ادب سے سننا اور جواب دینا چاہئے۔ **رسولِ ذِیشان، مکی مدنی سلطان صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:** ❁ اذان کا جواب دینے والا جنت میں داخل ہوگا[2] ❁ ایک حدیث پاک میں ہے: جو اذان کا جواب دے گا، اللہ پاک اس کے لئے ہر کلمے کے بدلے ایک لاکھ نیکیاں لکھے گا، ایک ہزار درجات بلند فرمائے گا اور ایک ہزار گناہ مٹائے گا، یہ عورتوں کے لئے ہے، جبکہ مرد کے لئے دُگنا ہے۔[3]

**3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں:** اذان میں کل 15 کلمات ہیں، فجر کی اذان میں 2 بار اَلصَّلاۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم بھی ہے، اس طرح کی اذان فجر میں 17 کلمات ہوئے، اسی طرح اقامت میں 2 بار قَدْ قَامَتِ الصَّلاۃُ کا اضافہ ہے، تو اقامت کے بھی 17 کلمات ہوئے۔ اس حساب سے جو اسلامی بھائی پانچوں اذانوں اور اقامتوں کا جواب دے، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! اسے 3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں ملیں گی، 3 لاکھ 24 ہزار دَرَجات بلند ہونگے اور 3 لاکھ 24 ہزار گناہ معاف ہوں گے۔[4]

## اذان و اقامت کا جواب دینے سے متعلق اَحکام

(1): اذان[5] و اقامت کا جواب دینا مستحب (ثواب کا کام ہے) ہے[6] (2): جب اذان ہو، تو اُتنی دیر کیلئے سلام و کلام، جوابِ سلام اور تمام کام چھوڑ دے، یہاں تک کہ قرآنِ کریم کی تِلاوت کے دوران

1 ... کفریہ کلمات کے بارے سوال جواب، صفحہ: 359، ملخصًا۔
2 ... مسلم، کتاب الصلاۃ، باب استحباب القولِ مثل قولِ المؤذّن لمن سمعہ ... الخ، صفحہ: 151، حدیث: 385، ملخصًا۔
3 ... تاریخ ابن عساکر، رقم: 6892، محمد بن الغمر بن عثمان ابو بکر الطائی، جلد: 55، صفحہ: 75-76۔
4 ... فیضان اذان، صفحہ: 7، ملخصًا۔
5 ... فتاوی اہلسنت، ریفرینس نمبر: Nor-12292۔
6 ... بہارِ شریعت، جلد: 1، صفحہ: 473۔

اذان کی آواز آئے تو تلاوت روک دے، اذان کو غور سے سنے اور جواب دے **(3)**: راستہ میں چل رہا تھا کہ اذان کی آواز آئی تو اتنی دیر کھڑا ہو جائے اور جواب دے **(4)**: اگر چند اذانیں سُنے تو اس پر پہلی ہی کا جواب ہے اور بہتر ہے کہ سب کا جواب دے **(5)**: اگر بوقتِ اذان جواب نہ دیا تو اگر زیادہ دیر نہ گزری ہو تو جواب دے لے **(6)**: مقتدیوں کو جمعہ کی اذان ثانی کا جواب دینا منع ہے **(7)**: نماز کے لئے دی جانے والی اذان کے علاوہ دیگر اذانوں کا جواب بھی دیا جائے گا۔ مثلاً بچے کے کان میں دی جانے والی اذان، قبر پر دی جانے والی اذان وغیرہ۔[1]

## اذان و اقامت کے جواب دینے کا طریقہ

❁ اذان دینے والا جو کہے وہی آپ بھی کہتے جائیے! ❁ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں (چاروں بار) کہئے: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ❁ بہتر یہ ہے کہ جواب میں حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ بھی اور لَا حَوْلَ دونوں پڑھئے! ❁ فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم کا جواب یاد کر لیجئے! صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ (تُو سچا اور نیکو کار ہے اور تُو نے حق کہا)۔[2] **اقامت کا جواب** بھی اسی طرح دیجئے! ❁ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاۃُ کا جواب یاد کر لیجئے! اَقَامَھَا اللّٰہُ وَ اَدَامَھَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ (اللہ پاک اس کو قائم رکھے جب تک آسمان اور زمین ہیں)۔[3]

**نوٹ:** اذان دینے والا یا اقامت کہنے والا جب اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ کہے، اس وقت دُرودِ پاک پڑھنا اور محبّت سے انگوٹھے چوم کر آنکھوں کو لگا لینا عین سعادت ہے (انگوٹھے چومنے میں آواز پیدا نہ ہو)۔

**نوٹ:** اذان و اقامت کے متعلق تفصیلی معلومات کے لئے شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا رسالہ ❋.. **فیضانِ اذان** اور مکتبۃ المدینہ کی کتاب ❋.. **بہارِ شریعت**، جلد: 1، حصہ: 3، پڑھئے۔

---

1 ... فیضان اذان صفحہ: 11 سے 13 بتغیر قلیل۔
2 ... رد المحتار، کتاب الصلاۃ، مطلب فی کراھۃ تکرار الجماعۃ فی المسجد، جلد: 2، صفحہ: 81-83۔
3 ... فتاوی ھندیہ، کتاب الصلاۃ، باب الاذان، جلد: 1، صفحہ: 64۔

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

## دودھ پینے کے بعد کی دُعا

### اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

**ترجمہ:** اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیح فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ،

---

1 ... سنن ابو داود، کتاب الاشربۃ، باب مایقول اِذا شَرِبَ اللبن، صفحہ: 590، حدیث: 3730، مدنی پنج سورہ، صفحہ: 206۔

غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ الله پڑھی؟(47):چوک درس دیا یا سنا؟(48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49):اِسْرَاف سے بچے؟(50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):ایک دن راہِ خدا میں گزارا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟